ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(145)

مورخہ 15.03.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر بہاولپور، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان طارق، ممتاز، ناصر قریشی، عبدالمالک اور ارشاد کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 190 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ سول لائینز، تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ نوشہرہ جدید پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان عبدالحمید، عمران، شہباز احمد اور اختر لاڑ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 520 گرام ہیروئن اور 1920 گرام چرس برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 01 ملزم شعیب کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01 عدد کاربین 12 بور برآمد کرلی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار،

بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(146)

15.03.24

بہاول پور(   )ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات، ماہ صیام کے پہلے جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنزل آف پولیس پنجاب کے احکامات اور ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں رمضان المبارک کے پہلے جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے، شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، ماہ صیام کے پہلے جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد اور امام بارگاہوں پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں